© rasailojaraid.com



# دارالعلوم حقانیہ کے شب وروز

شفیق فاروقی

**مجلس شوریٰ کا سالانہ جلسہ** | ۴ ذی قعدہ مطابق ۲۷ ستمبر ۷۹ء بروز جمعرات دارالعلوم حقانیہ کے نئی تعمیر شدہ کتب خانہ کی عمارت میں مجلسِ شوریٰ دارالعلوم کا سالانہ اجلاس زیرِ صدارت حضرت مولانا میاں ولایت شاہ کاکاخیل منعقد ہوا جس میں مجلس شوریٰ کے ارکان نے بڑی تعداد میں شمولیت کی تلاوت کلامِ پاک کے بعد حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ نے حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دین کی حفاظت میں مدارس عربیہ کے بنیادی حصہ پر روشنی ڈالی انہوں نے فرمایا کہ یہ مدارس ہی اس پرفتن دور میں دین کے قلعے ہیں اس ضمن میں آپ نے ملک و بیرونِ ملک فضلاءِ دارالعلوم حقانیہ کی وسیع اور ہمہ گیر خدمات پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اس کے بعد حسبِ سابق اس پر بھی حضرت کی علالت وضعف کی وجہ سے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے دارالعلوم کی سالانہ کارگذاری مصارف اور مدات آمد وخرچ پر مفصل رپورٹ پیش کی۔ آپ نے بتلایا کہ سال گذشتہ دارالعلوم کو مختلف مدات سے آٹھ لاکھ ایک ہزار پانچ سو نناوے روپے اٹھاسی پیسے کی آمدنی ہوئی جبکہ مختلف شعبوں پر سات لاکھ چھپن ہزار ایک سو باون روپے چھیاسٹھ پیسے خرچ ہوئے۔ سالِ رواں کے لئے آپ نے آٹھ لاکھ چونتیس ہزار ایک سو بیالیس روپے کا میزانیہ پیش کیا۔ زیرِ نظر میزانیہ میں موجودہ فنڈ کی رو سے اگرچہ دو لاکھ سینتالیس ہزار تین سو پانچ روپے اڑتیس پیسے کا خسارہ تھا۔ مگر اجلاس نے توکلاً علی اللہ متوقع آمدنی کی رو سے میزانیہ کی منظوری دی۔ ارکان شوریٰ نے دارالعلوم کے ہر شعبہ میں بڑھتی ہوئی ترقیات پر خداوند تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اجلاس میں دارالعلوم کے اساتذہ اور تمام شعبوں کے عملہ کی تنخواہوں میں بڑھتے ہوئے اخراجات کے پیشِ نظر معقول اضافہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں برصغیر کی وفات پانے والی اہم علمی و دینی شخصیات مولانا اسعد اللہ مظاہری مولانا محمد الحسنی مولانا اسحاق جلیس مولانا محمد اسرائیل صاحب اور دیگر حضرات وابستگان دارالعلوم کی وفات پر دعائے مغفرت کی گئی اور علمی اداروں سے اظہارِ تعزیت کیا۔ (نقشہ آمد وخرچ اور میزانیہ ۱۳۹۹ھ منسلک ہے)

**نئے تعلیمی سال کا آغاز** | ۲۶ شوال کو دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز دارالحدیث ہال میں ختمِ کلام پاک سے ہوا اس کے بعد طلبہ و اساتذہ کے بہت بڑے مجمع میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ نے ترمذی شریف سے افتتاح فرمانے کے بعد طلبہ سے فضیلتِ علم اور دینی وملّی تقاضوں پر مفصل خطاب فرمایا جسے کسی موقع پر شائع کیا



© rasailojaraid.com